RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۶	مطبوعہ ۲ شوال ۱۳۱۱ھ روز دوشنبہ مطابق ۹ اپریل ۱۸۹۴ع	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم حضور پر نور				
۱	مسند نشینی و شکست کونسل آف ریجنسی و تقرر کونسل جدید۔	۱	۴	تقرر مولوی ابوالمجید صاحب فرنگی بعہدہ میر منشی۔	۲
	احکام اجلاس کونسل			**حکم حضور پر نور**	
۲	تعین تنخواہ ممبران کونسل۔	۲	۵	تقرر عبدالصمد خان بہادر دنگلی دیو مشق	۳
۳	تقرر محمد عبدالصمد خانصاحب بعہدہ پرایوٹ سکرٹری	۲	۶و۷	تفصیلات تمات تر خانہ اجلاس۔	ضمیمہ

حکم پیشگاہ حضور پر نور دام اقبالہم

مصدورہ ۳ اپریل ۱۸۹۴ع

آج کے دربار میں نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی و چیف کمشنر اودہ نے بادولت کو باضابطہ مسند نشین فرمایا اور کونسل آف ریجنسی شکست ہو گئی اب حسب منشا منٹ نواب لفٹنٹ گورنر بہادر مورخہ ۵ جنوری ۱۸۹۴ع کے ایک کونسل بہ پریزیڈنسی اینجانب بغرض امداد بادولت قائم ہوئی جسمین ایک اسسٹنٹ پریزیڈنٹ اور دو ممبر اور ایک سکرٹری ہونگے لہذا حسب تجویز گورنمنٹ و رضامندی اینجانب صاحبزادہ میجر محمد حمید الظفر خانصاحب بہادر کونسل مذکور کے وائس پریزیڈنٹ و خانبہادر سید علی حسن خانصاحب ریونیو ممبر اور خانبہادر مولوی زین العابدین خانصاحب جوڈیشل ممبر آج کی تاریخ سے مقرر کئے گئے اور عہدہ سکرٹری پر حسب تجویز بادولت محمد عبدالمجید خانصاحب اسسٹنٹ گورنر و پرایوٹ سکرٹری مقرر کئے گئے اور چونکہ عہدہ پرایوٹ سکرٹری بسبب ترقی پانے عبدالمجید خانصاحب کے خالی ہوا ہے اوس عہدہ پر محمد عبدالصمد خانصاحب کا تقرر عمل مین لایا گیا اور باضابطہ اعلان اس بندوبست اور تقررات کا کل کی تاریخ یہ بجلسہ کونسل جو بمقام خورشید منزل وقت گیارہ بجے منعقد ہوگا کیا جاویگا لہذا یہ کاغذ کونسل اجلاس مین پیش ہو۔

احکام اجلاس کونسل

روئداد و تجویز اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور

واقع ۵ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

آج بعد رونق نشینی حضور پر نور نواب صاحب بہادر پہلا اجلاس کونسل کا منعقد ہوا۔ تعمیل حکم ۴ اپریل حضور ممدوح نے تنخواہ مجوزہ ممبران کونسل کا حسب ذیل اعلان فرمایا۔

صاحب وائس پریسیڈنٹ
صاحب ریونیو ممبر } فی الـ ۱۰۰۰/ ماہوار
صاحب جوڈیشل ممبر

صاحب سکرٹری کونسل ۵۰۰/ پانسو روپیہ

حکم ہوا کہ

روئداد ہذا معہ حکم ۴ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء واسطے اجرائے احکام کے اجلاس صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر میں مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور دستخط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے - ۹ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

روئداد و تجویز اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور

واقع ۵ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

کہ پیرزادہ محمد عبد الصمد خان پرائیویٹ سکرٹری حضور پر نور
تجویز ہوا کہ پرائیویٹ سکرٹری صاحب کی تنخواہ

۱۴ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء سے بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار مقرر کیجاوے وصول ہو
لہذا بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو

دستخط حضور پر نور دستخط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے - ۹ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

روئداد و تجویز اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور

واقع ۵ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

حسب ایماء حضور پر نور باتفاق رائے جملہ ممبران تجویز ہوا کہ مولوی ابو الحمید صاحب فرخی میر منشی حضور صاحب پریسیڈنٹ بہادر بمشاہرہ یکصد روپیہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء سے قرار دیے جاویں لہذا واسطے اجرائے احکام کے روئداد ہذا صاحب سکرٹری بہادر کونسل کے پاس بھیجی جاوے۔

دستخط حضور پر نور دستخط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے - ۹ اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

حکم شریگاہ حضور پرنور دام اقبالہم

مصدورہ ۹ اپریل ۱۸۹۳ع

نیاز محمد خان ... وغیرہ ڈیوڑھیات ... بعمر ... ہو گیا ہے قابل کار ڈیوڑھیات کے نہین رہا لہذا اوسکے واسطے پنشن تجویز ہونا چاہیے او ... جاسے اوسکے عبد الصمد خان جمعدار رسالۂ ضعیفان مقرر کیا جاوے۔

لہذا حسب حکم ہوا کہ

بنابر اجراے احکام تقرر عبد الصمد خان برداروغگی ڈیوڑھیات و تیاری کاغذات پنشن نیاز محمد خان حکم ہذا پاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو۔

حسب منشا حسب حکم حضور پرنور احکام تقرر عبد الصمد خان برداروغگی ڈیوڑھیات و اخراج اسم نامبردہ از رسالۂ ضعیفان و درج در برآورد ڈیوڑھیات جاری ہون۔ اور نیاز محمد خان کا اسم برآورد سے خارج کیا جاوے۔ بخشی فوج کو لکھا جاوے کہ حسب ضابطہ نقشۂ پنشن نامبردہ مرتب کرکے واسطے پیشی کونسل ہمارے اجلاس مین بھیجدین عبد الصمد خان تنخواہ وہی پاینگا جو نیاز محمد خان پاتے تھے۔ ۹ اپریل ۱۸۹۳ع

دستخط صاحب سکرٹری

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا